# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور

**MOST URGENT**

نمبر : 16 رجسٹریشن برانچ

مورخہ : 27-06-2020

(رجسٹرڈ)

بجانب:

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
(سکولز / ہائیر سیکنڈری سکولز)
واقع حدود بہاول پور بورڈ۔

عنوان:۔ جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن 2020-22ء میں داخلہ / رجسٹریشن / آن لائن ڈیٹا انٹری اور ترسیل کا شیڈول۔

جملہ متعلقین کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین نے جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن 2020-22ء میں داخلہ / رجسٹریشن (آن لائن ڈیٹا انٹری اور ترسیل) کا درج ذیل شیڈول جاری کیا ہے۔ سرکاری تعلیمی اداروں کے طلباء / طالبات رجسٹریشن / سپورٹس فیس سے مستثنیٰ ہونگے تاہم پروسیسنگ فیس وصول کی جائیگی۔

| نمبرشمار | شیڈول | اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری / کوائف کی فیڈنگ، بینک میں فیس جمع کرانے، آن لائن / کمپیوٹرائیزڈ اصل بنک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں جمع کرانے کی تاریخ۔ |
|---|---|---|
| i | بغیر لیٹ فیس کے آخری تاریخ۔ | یکم جولائی 2020ء تا 31 اگست 2020ء |
| ii | -/500 روپے لیٹ فیس فی طالب علم / طالبہ کے ساتھ جماعت نہم میں داخلہ (تمام سرکاری / پرائیویٹ (الحاق شدہ) تعلیمی ادارہ جات بورڈ ہذا کو جمع کروانے کے پابند ہوں گے)۔ | یکم ستمبر 2020ء تا 15 ستمبر 2020ء |
| iii | رجسٹریشن فیس / سپورٹس فیس (فی طالب علم / طالبہ) | -/800 روپے اور -/100 روپے |
| iv | پروسیسنگ فیس (فی طالب علم / طالبہ) | -/400 روپے |
| v | مڈل سٹینڈرڈ امتحان کا رزلٹ لیٹ شائع ہونے کی صورت میں داخلہ۔ | تاریخ اشاعت نتیجہ کے دس یوم کے اندر آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد ہارڈ کاپی و فیس چالان لازمی جمع کروائیں تاخیر کی صورت میں جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ |
| vi | مورخہ 15-09-2020 کے بعد جماعت نہم میں داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔ | |
| vii | طلباء / طالبات کی مینول رجسٹریشن ریٹرن ہرگز قابل قبول نہ ہوگی۔ جماعت نہم کی آن لائن رجسٹریشن کیلئے "ب" فارم لازمی ہے۔ | |
| viii | طلباء / طالبات کی رجسٹریشن و دیگر فیسیں آن لائن چالان پر ہی جمع کروائیں۔ رجسٹریشن کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے دوران کم از کم بیج بنائے جائیں۔ | |

## (1) قواعد / ہدایات برائے آن لائن ڈیٹا انٹری، ترسیل ہارڈ کاپی رجسٹریشن ریٹرن و فیس چالان

(i) اپنے ادارہ میں داخل طلباء / طالبات کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری / رجسٹریشن ریٹرن کی فیڈنگ کے بعد رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، کے تحت تیار شدہ ترسیلی لیٹر اور اصل فیس چالان (رجسٹریشن فیس و پروسیسنگ / سپورٹس فیس) بورڈ ہذا (رجسٹریشن برانچ) کو ارسال کریں واضح رہے کہ رجسٹریشن ریٹرن کے تمام صفحات سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ ہوں۔ مدھم و غیرواضح پرنٹ، پروف ریڈنگ پرنٹ اور نامکمل دستاویزات قابل قبول نہ ہونگی۔

(ii) شیڈول ہذا میں دی گئی تواریخ رہدایات کے مطابق بہر صورت عملدر آمد کیا جائے۔امیدواران کی رجسٹریشن و پروسیسنگ رسپورٹس فیس بنک میں جمع نہ کرانے اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اصل فیس چالان دفتر ہذا میں نہ پہنچنے کی صورت میں شیڈول ہذا میں مقرر کردہ آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ سے وصول کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ یہ جرمانہ پورے ادارے کی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور اصل فیس چالان موصول نہ ہونے کی صورت میں بھی واجب الا دا ہوگا اور ایک طالب علم کی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور اصل فیس چالان وصول نہ ہونے پر بھی واجب الا دا ہوگا یہ جرمانہ نا قابل معافی ہوگا اور نہ ہی اس بارے اپیل کی جاسکے گی

(iii) ایسے طلباء رطالبات جنہیں شیڈول داخلہ رمقررشدہ تواریخ میں جماعت نہم میں داخل کرلیا گیا لیکن ادارہ کی جانب سے امیدوار کی رجسٹریشن رڈیٹا مقرر کردہ تواریخ میں آن لائن نہیں کیا جاسکا تو ایسے امیدواران کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری، ریٹرن کی ہارڈ کاپی، رجسٹریشن و پروسیسنگ رسپورٹس فیس کے علاوہ مبلغ -/200 روپے فی یوم فی طالب علم رطالبہ جرمانہ کے ساتھ مورخہ 31-10-2020 تک وصول کی جائیگی۔

(iv) جماعت نہم میں آن لائن داخلہ اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی ارسال کرنے کے بعد اگر کوئی طالب علم رطالبہ کسی وجہ سے ادارہ سے خارج ہو جائے یا ادارہ چھوڑ جائے تو سربراہ ادارہ ادارہ کا آن لائن پورٹل اوپن کر کے متعلقہ امیدوار کی رجسٹریشن Delete رکینسل کرسکتا ہے تاہم سربراہ ادارہ کے لیے لازم ہے کہ وہ متعلقہ امیدوار کی کمپیوٹر سے پرنٹ شدہ منسوخی رجسٹریشن کی درخواست رلیٹر آن لائن منسوخی کے بعد شعبہ ہذا کو ارسال کریں بصورت دیگر ادارہ کی جانب سے Delete رکینسل کیے گئے امیدواران کو دفتر ہذا کی طرف سے Verified رکلیئر نہیں کیا جائے گا اور امیدواران کی رجسٹریشن کینسل نہیں ہوگی۔منسوخی رجسٹریشن کی درخواست رلیٹر مورخہ 31-10-2020 تک یا اس سے قبل وصول کیا جائے گا اس کے بعد موصولہ لیٹر مسترد شدہ متصور ہوگا۔واضح رہے بحالی رجسٹریشن فیس مبلغ -/1000 روپے فی طالب علم رطالبہ ہوگی

(v) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی و ڈیٹا میں سکول ریکارڈ رداخل خارج رجسٹر کے مطابق کسی بھی طالب علم رطالبہ کے نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، سپیلنگ، تصویر، تصویر سائز، تاریخ داخلہ، جنس، مذہب، حافظ، ب فارم نمبر، CNIC نمبر، فون نمبر اور ایڈریس میں درستگی کیلئے سربراہ ادارہ آن لائن سسٹم کے تحت اپنے ادارہ کا پورٹل اوپن کر کے مطلوبہ درستگی کرسکتا ہے تاہم ان امیدواران کی کمپیوٹر سے پرنٹ شدہ درخواست بمعہ داخل خارج رجسٹر کی تصدیق شدہ کاپی و فیس چالان مبلغ -/500 روپے فی غلطی فی طالب علم رطالبہ کے حساب سے مورخہ 31-10-2020 تک یا اس سے قبل شعبہ ہذا کو لازمی ارسال کریں اور 31 اکتوبر 2020ء کے بعد میٹرک امتحان شروع ہونے سے 15 یوم قبل تک مبلغ -/1000 روپے کے ساتھ درج بالا اقسام کی درستگیاں کرواسکتے ہیں دفتر ہذا کی جانب سے مذکورہ درخواست ردستاویزات کی جانچ پڑتال کے بعد آپ کے ادارہ کی طرف سے کی گئی مطلوبہ درستگی کو Verified رکلیئر کیا جائے گا نیز مطلوبہ درستگی کیلئے داخل خارج رجسٹر (رجسٹر مکمل تصدیق شدہ ہو اور اس پر کٹنگ، فلیوڈ، اوور رائٹنگ نہ ہو) 15 یوم قبل تک شعبہ ہذا (رجسٹریشن برانچ) میں چیک کرائیں۔ مذکورہ دستاویزات مقررہ تاریخ تک شعبہ ہذا کو ارسال نہ کرنے کی صورت میں درستگی کو Verified رکلیئر نہیں کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔ واضح رہے کہ میٹرک امتحان شروع ہونے سے 15 یوم قبل تک کی تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواست داخل دفتر کردی جائے گی اور دفتر ہذا میں موجود کوائف کے مطابق ہی طلباء رطالبات کو رجسٹریشن نمبر جاری کردیئے جائیں گے۔

## (2) NOC کی بنیاد پر داخلہ۔

دوسرے بورڈز سے جماعت نہم ردھم دوران تعلیم کا NOC حاصل کر کے رمائیگریٹ ہو کر آنے والے طلباء رطالبات کا سکول لیونگ سرٹیفکیٹ کے اجراء کے 30 یوم کے اندر NOC حاصل کرنا ضروری ہے، متعلقہ بورڈ سے NOC کے اجراء کے بعد 45 یوم کے اندر بورڈ ہذا سے الحاق شدہ کسی بھی تعلیمی ادارہ میں داخلہ کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد NOC کی بنیاد پر کسی امیدوار کو داخل نہیں کیا جاسکتا۔ تاریخ داخلہ سے دس یوم کے اندر آن لائن سسٹم کے تحت متعلقہ رجسٹریشن Portal میں امیدوار کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد اپنے ادارہ کے آن لائن ترسیلی لیٹر کے ہمراہ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، اصل NOC، رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقل، سکول لیونگ سرٹیفکیٹ کی مصدقہ کاپی (موجودہ سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ ہو) اور مجوزہ رجسٹریشن و پروسیسنگ رسپورٹس فیس کا اصل بنک چالان بورڈ ہذا (رجسٹریشن برانچ) کو ارسال کریں درج بالا دستاویزات تاخیر سے ارسال کرنے رجمع کرانے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ سے وصول کیا جائے گا نیز مطلوبہ دستاویزات پر کٹنگ یا فلیوڈ استعمال کیے جانے یا نامکمل ہونے کی صورت میں متعلقہ امیدوار کو رجسٹریشن نمبر الاٹ نہیں کیا جائے گا اور اس کی تمام ذمہ داری متعلقہ سربراہ ادارہ پر ہوگی واضح رہے کہ جماعت نہم کے امتحان میں شمولیت کے بعد دیگر بورڈ سے NOC حاصل کر کے آنے والے طلباء رطالبات بورڈ ہذا کی حدود میں واقع تعلیمی ادارہ جات میں جماعت نہم میں ری ایڈمیشن کیٹگری میں داخلہ ررجسٹریشن کے اہل نہ ہونگے۔

(3) داخلہ/رجسٹریشن کرتے وقت بورڈ قواعد کی خلاف ورزی پر تادیبی کاروائی۔

مطلع کی جاتا ہے کہ اگر کسی گورنمنٹ ادارہ نے اپنے ادارہ میں زیر تعلیم طلباء/طالبات کے علاوہ کسی دوسرے پرائیویٹ الحاق شدہ ادارہ یا کسی اکیڈمی یا ٹیوشن سنٹر کے امیدواران کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد اپنے ادارہ کی جانب سے رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر ہذا کو ارسال کی یا رجسٹریشن کروائی تو اس کے خلاف تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

(4) ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن۔

بورڈ کی حدود میں ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن کے لیے سکول انتظامیہ اپنے ادارہ کے آن لائن پورٹل میں مائیگریشن درخواست فارم کے اندراجات مکمل کر کے درخواست فارم اور فیس مبلغ -/1400 روپے کے آن لائن بنک چالان کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ حاصل کریں۔ ازاں بعد مذکورہ فارم کے رضا مندی کالم میں اپنے ادارہ کے سربراہ کے دستخط و مہر کے بعد متعلقہ امیدوار یا سکول انتظامیہ کے حوالے کر دیں تاکہ وہ نئے ادارہ کے سربراہ سے رضا مندی کے دستخط و مہر اور مائیگریشن فیس جمع کروانے کے بعد شعبہ ہذا کو ارسال کرے یا دستی جمع کروائے جس کے بعد امیدواران کو دفتر ہذا کی جانب سے مائیگریشن سلپ جاری کی جائے گی۔ طلباء/طالبات مائیگریشن سلپ کے اجراء کے بعد پندرہ (15) یوم کے اندر نئے سکول میں داخلہ حاصل کرنے اور مائیگریشن سلپ کی اصل کاپی سکول میں جمع کرانے کے پابند ہونگے۔ نئے سربراہ ادارہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ مائیگریٹیڈ طالب علم/طالبہ کو اپنے ادارہ میں فوری طور پر داخل کرنے کے بعد مائیگریشن سلپ سے منسلکہ مائیگریشن ریٹرن کے متعلقہ کالم میں تاریخ داخلہ کا اندراج کر کے تصدیق شدہ مائیگریشن ریٹرن مع ترسیلی لیٹر تاریخ داخلہ سے دس یوم کے اندر دفتر ہذا (رجسٹریشن برانچ) کو ارسال کریں تاخیر کی صورت میں پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ سے وصول کیا جائے گا۔ جماعت نہم سالانہ 2019ء میں شامل امتحان ہونے والے امیدواران رزلٹ کی اشاعت کے بعد سکول ٹو سکول مائیگریشن کرواسکتے ہیں۔ واضح رہے کہ لوکل مائیگریشن پر مکمل پابندی ہے نیز جماعت نہم و دہم میں زیر تعلیم طلباء/طالبات ڈبل فیس کے ساتھ آن لائن سسٹم کے تحت امتحانی داخلہ فارم بورڈ آفس میں جمع کرانے کی آخری تاریخ تک یا اس سے قبل مائیگریشن کرواسکتے ہیں۔ (بشرطیکہ امتحانی داخلہ فارم آن لائن سسٹم کے تحت Submit نہ کیا گیا ہو) اس کے بعد مائیگریشن کی اجازت نہیں ہوگی اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والا مائیگریشن فارم منسوخ متصور ہوگا۔

(5) بیرون ملک سے آمدہ کیس۔

بیرون ملک سے کسی گورنمنٹ یا پرائیویٹ منظور شدہ تعلیمی ادارہ سے سرٹیفیکیٹ لیکر آنے والے امیدواران اپنے کوائف پاکستانی سفارتخانہ/منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کے بعد دوران سال/امتحان سے 30 یوم قبل تک کسی بھی وقت داخلہ لے سکتے ہیں تاہم ترسیل ریٹرن کی دیگر شرائط و جرمانہ درج بالا شق نمبر 2 (بعنوان NOC کی بنیاد پر داخلہ) کے مطابق ہونگے۔ نیز ایسے امیدواران بورڈ ہذا میں رائج سکیم آف سٹڈیز/قواعد ضوابط کے مطابق امتحان میں شمولیت کے پابند ہونگے۔

(6) مضمون/مضامین/گروپ کی تبدیلی۔

سربراہ ادارہ کسی بھی طالب علم/طالبہ کا مضمون/مضامین/گروپ اپنے ادارہ کا آن لائن پورٹل اوپن کر کے تبدیل کرسکتا ہے تاہم سربراہ ادارہ کے لیے لازم ہے کہ وہ مضمون تبدیلی کی صورت میں مبلغ -/500 روپے اور گروپ تبدیلی کی صورت میں مبلغ -/2000 روپے فیس چالان اور کمپیوٹر سے پرنٹ شدہ درخواست مورخہ 31-10-2020 تک یا اس سے قبل ارسال کریں۔ درخواست و فیس چالان موصول نہ ہونے کی صورت میں ادارہ کی جانب سے کی گئی تبدیلی کو دفتر ہذا Verified/رکلیئر نہیں کرے گا اور امیدواران کا مضمون/گروپ تبدیل نہ ہوگا۔ واضح رہے کہ مورخہ 31-10-2020 کے بعد تبدیلی مضمون/گروپ کی صورت سربراہ ادارہ کا امیدوار کے متعلقہ مضمون میں 75% حاضریوں کا تحریری ثبوت/سرٹیفکیٹ لازمی ہے اور مبلغ -/2000 روپے مضمون تبدیلی فیس اور گروپ تبدیلی کی صورت میں مبلغ -/5000 روپے فیس ولیٹ فیس فی امیدوار وصول کیے جائیں گے۔ نیز یہ تبدیلی امتحان کے انعقاد سے 30 یوم قبل تک کروائی جاسکتی ہے۔ اس کے بعد مضمون یا گروپ ہرگز تبدیل نہ ہوگا۔ اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول شدہ درخواست/لیٹر منسوخ متصور ہوگا۔

(7) جماعت نہم میں داخلہ/رجسٹریشن کیلئے کم از کم عمر کی حد۔

جماعت نہم میں داخلہ کرتے وقت طالب علم/طالبہ کی عمر یکم اگست 2020ء کو 12 (بارہ) سال ہونی چاہیئے۔ یعنی جس طالب علم/طالبہ کی تاریخ پیدائش یکم اگست 2008ء یا اس سے پہلے کی ہے وہ نہم کلاس برائے تعلیمی سیشن 22-2020ء میں داخلہ/رجسٹریشن کا اہل ہوگا۔

(8) ادارہ جات میں مخلوط نظام تعلیم پر پابندی۔

حکومتی پالیسی کے مطابق سکولز/ہائر سیکنڈری سکولز سطح کے ادارہ جات میں مخلوط نظام تعلیم پر مکمل پابندی ہے لہذا طلباء کے ادارہ جات میں طالبات کے داخلہ/رجسٹریشن کی اجازت نہ ہے اور طالبات کے ادارہ جات میں طلباء کے داخلہ/رجسٹریشن کی اجازت نہ ہے۔خلاف ورزی پر تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(09) تعلیمی سیشن 21-2019ء کے طلباء/طالبات کا آن لائن داخلہ۔

ایسے طلباء/طالبات جو گذشتہ تعلیمی سیشن 21-2019ء میں کسی تعلیمی ادارہ میں جماعت نہم میں داخلہ/رجسٹریشن کے بعد بطور ریگولر زیر تعلیم رہے ہیں لیکن بیماری یا کسی اور مجبوری کی وجہ سے جماعت نہم امتحان سالانہ 2020ء کیلئے ان کا داخلہ فارم سکول انتظامیہ نے بورڈ آفس میں آئن لائن جمع نہیں کروایا تھا اور وہ اب سکول میں دوبارہ زیر تعلیم ہیں۔ایسے طلباء/طالبات کو دیگر فریش امیدواران کی کیٹگری میں شمار کرتے ہوئے ان کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع رجسٹریشن و پروسیسنگ/سپورٹس فیس بمطابق مجوزہ شیڈول داخلہ بورڈ ہذا کو ارسال کریں۔تاخیر کی صورت میں بورڈ قواعد کے مطابق پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ سے وصول کیا جائے گا۔

(10) سربراہان ادارہ جات مذکورہ بالا شیڈول داخلہ/رائج الوقت بورڈ قواعد کے مطابق ہی طلباء/طالبات کو جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن 22-2020ء میں داخل کر کے آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی و مطلوبہ دستاویزات ارسال کریں اور دیگر امور کی تکمیل کریں۔واضح رہے کہ شیڈول داخلہ/بورڈ قواعد کے برعکس طلباء/طالبات کو جماعت نہم میں داخلہ دینے، رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں بھجوانے اور دیگر امور کی تکمیل کے بعد طلباء/طالبات یا ان کے والدین کی جانب سے کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں بورڈ ہذا ذمہ دار نہ ہوگا بلکہ اس کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔

(11) سکول ٹو سکول مائیگریشن، درستگی کوائف اور تبدیلی مضمون/گروپ یا اس سلسلہ میں بورڈ سے خط و کتابت کے دوران متعلقہ طالب علم/طالبہ کا کلاس رولنمبر، آن لائن رجسٹریشن فارم نمبر/سٹوڈنٹ ID نمبر بہر صورت تحریر کریں۔نیز دفتر ہذا سے ہمہ قسم کی خط و کتابت کیلئے اپنے ادارہ کے لیٹر پیڈ پر مکمل تفصیل کے ساتھ ترسیلی لیٹر تحریر کریں اور لیٹر پر ڈسپیچ نمبر مع تاریخ لازماً درج کریں۔

**نوٹ**

(i) شیڈول ہذا بورڈ کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے جسے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے نیز آن لائن داخلہ/رجسٹریشن اور تواریخ کے شیڈول سے متعلق ہمہ قسم کی اہم اور فوری نوعیت کی معلومات کیلئے بورڈ کی ویب سائٹ (www.bisebwp.edu.pk) روزانہ وزٹ/ملاحظہ کرتے رہیں تاکہ آپ (سکول انتظامیہ) کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

(ii) موجودہ صورت حال کے پیش نظر کسی بھی قسم کی ڈاک دستی وصول نہ کی جائے گی۔لہذا بذریعہ رجسٹری شعبہ رجسٹریشن کو بھجوائی جائے۔

27/06/20

**سیکریٹری**

27.6.20

کاپی برائے اطلاع/ضروری کاروائی۔

(1) جناب سیکریٹری صاحبان، تعلیمی بورڈز پنجاب۔

(2) جناب سی ای او (ایجوکیشن) ضلع بہاولپور، بہاولنگر، رحیم یار خاں۔

(3) جناب ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاولپور (برائے اشاعت)۔

(4) جناب نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاولپور (برائے نشریات)۔

(5) جناب سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ)۔

(6) داخلی تقسیم۔

(7) نوٹیفکیشن شیڈول فائل۔